© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## مسلمان کون ہے؟

مصنف : مولانا محمد منظور وجیہی

ناشر : شرکۃ الآفاق - لاہور

ملنے کا پتہ : مکتبہ البوم ۱۹۰ مین بازار - مزنگ، لاہور

صفحات : ۵۴۹ - قیمت پندرہ روپے

مولانا محمد منظور وجیہی، وہ عالم دین ہیں، جو نہایت خاموشی سے خدمت اسلام اور خدمت علم میں مصروف ہیں۔ کئی فقہی کتابوں کے عربی حواشی و تشریحات کا اردو میں ترجمہ کر چکے ہیں اور کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ نام و نمود اور شہرت کے بالکل خواہاں نہیں۔ بس دل میں ایک ہی خواہش رکھتے ہیں اور وہ ہے اللہ کے بندوں کی اصلاح اور اسلام کی روشنی میں علمی اور ذہنی تربیت!

زیر نظر کتاب — مسلمان کون ہے؟ — ان کی تازہ تصنیف ہے۔ یہ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اوّل میں اسلامی عقائد کی تفصیل سے وضاحت کی ہے اور کتاب و سنت کی روشنی میں آسان اور سادہ انداز میں اس موضوع کے تمام گوشوں کو اجاگر کیا ہے۔ باب دوم میں اوامر اسلام کی نشاندہی کی ہے اور ہر مقام پر قرآن اور حدیث کے حوالے دیئے ہیں۔ باب سوم میں فاضل مصنف نے کبائر یعنی بڑے بڑے گناہوں کی فہرست بیان کی ہے۔ باب چہارم حصۂ تصوف کو محیط ہے۔ اس میں اسلامی تصوّف کو خاصی تفصیل سے بیان کیا ہے۔

شروع سے آخر تک کتاب بہترین مضامین کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ تمام مشمولات و مندرجات قابل مطالعہ ہیں اور اسلامی معاشرے کے ہر فرد کو اس سے باخبر ہونے کی ضرورت ہے۔ طلبہ، واعظوں اور مقرروں کے لیے یہ کتاب بالخصوص لائق مطالعہ ہے۔ اللہ تعالیٰ مصنف کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ انھوں نے یہ کتاب بڑی محنت سے مرتب کی ہے۔ ساڑھے پانچ سو صفحات کے اس ضخیم مجموعے کی قیمت صرف پندرہ روپے ہے۔

© rasailojaraid.com